ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (407)

مورخہ 10.08.24

## بہاول پور ( ) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی کمانڈ میں تھانہ سٹی احمد پور شرقیہ پولیس کی منشیات فروشوں کے خلاف کامیاب کارروائی، ولائتی شراب اور منشیات کی بڑی کھیپ برآمد، منشیات سپلائی کرنے والا ڈیلر گرفتار، مقدمہ درج۔ بہاولپور کو منشیات فری زون بنانے کا عزم ہر صورت پورا کیا جائے گا، ڈی پی او اسد سرفراز خان

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور اسد سرفراز خان کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔ ایس ایچ او تھانہ سٹی احمد پور شرقیہ فیصل امین نے اپنی ٹیم کے ہمراہ خفیہ انفارمیشن پر کامیاب کارروائی عمل میں لاتے ہوئے شہر و مضافات کے مختلف علاقوں میں شراب سپلائی کرنے والے چنیوٹ کے رہائشی جعفر حیدر کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے ولائتی شراب کی 528 بوتلیں اور 02 کلوگرام چرس برآمد کر کے تفتیش شروع کر دی۔ منشیات فروشوں کے اس نیٹ ورک میں شامل باقی ملزمان کو بھی جلد گرفتار کر لیا جائے گا۔ بہاولپور کو منشیات فری زون بنانے کا عزم ہر صورت پورا کیا جائے گا۔ منشیات و شراب فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن کا سلسلہ مزید تیز کیا جا رہا ہے۔ ڈی پی او اسد سرفراز خان نے اس حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا کہ ایسا گھناؤنا کاروبار کرنے والے افراد کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا۔ بہترین کارکردگی پر ڈی پی او اسد سرفراز خان نے تھانہ سٹی احمد پور شرقیہ پولیس کو شاباش دی۔

ترجمان بہاولپور پولیس




بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی کمانڈ میں تھانہ سٹی احمد پور شرقیہ پولیس نے منشیات سپلائی کرنے والا ڈیلر گرفتار کر کے ولائتی شراب و چرس کی بڑی کھیپ برآمد کی